نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

15 اپریل 2011ء

برائے فوری اجراء

078/2011

خواتین کو صحت کی سہولتوں کی فراہمی کیلئے امریکی اعانت

امریکی سفیر کیمرون منٹر کی اہلیہ ڈاکٹر میریلین وائیٹ کی جہلم ہسپتال میں محکمہ صحت کی خاتون کارکنوں سے ملاقات

اسلام آباد (15 اپریل 2011ء) ___ امریکی سفیر کیمرون منٹر کی اہلیہ ڈاکٹر میریلین وائیٹ نے آج جہلم کے ایک طبی مرکز میں محکمہ صحت کی خاتون کارکنوں سے ملاقات کی۔ اُنھوں نے اس امر کو اجاگر کیا کہ غربت زدہ آبادیوں میں انسانی زندگیاں بچانے اور صحت کی سہولتوں میں بہتری لانے کیلئے امریکی کس طرح پاکستانیوں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔

صحت کے شعبہ سے متعلق خواتین کارکن امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے منصوبے "خاندان کی زندگی اور صحت کی بہتری (فلاح)" کے تحت تربیت حاصل کر رہی ہیں۔ 48 ملین ڈالر مالیت کا یہ چار سالہ منصوبہ پاکستان کے پندرہ اضلاع میں پیدائش میں وقفے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور اس سلسلے میں زیادہ معلومات کی فراہمی کیلئے کام کر رہا ہے۔

ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر میریلین وائیٹ نے کہا کہ شواہد ظاہر کرتے ہیں کہ جب کوئی عورت اپنے بچوں کی پیدائش کے حوالے سے منصوبہ بندی کرتی ہے تو اُس کے ہاں جنم لینے والے بچے زیادہ صحتمند ہوتے ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ حکومتِ امریکہ کو یو ایس ایڈ کے منصوبے "فلاح" کے تحت عورتوں کی زندگیوں میں بہتری لانے کیلئے جہلم اور پاکستان بھر میں خاتون ہیلتھ ورکروں کو اعانت فراہم کرنے پر فخر ہے۔

یو ایس ایڈ ہزاروں لیڈی ہیلتھ ورکروں کو تربیت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان بھر میں صحت کی سہولتوں میں بہتری کیلئے کام کر رہا ہے۔ یہ خواتین کی تولیدی صحت کے حوالے سے امریکی حکومت کے طویل مدتی عزم کا آئینہ دار ہے۔ یو ایس ایڈ دیگر پروگراموں کے ذریعے افرادی قوت میں عورتوں کی شرکت میں اضافے، لڑکیوں کی معیاری تعلیم تک رسائی بڑھانے اور خواتین کے سیاسی، معاشی اور سماجی حقوق کے فروغ کیلئے بھی کام کر رہا ہے۔